## حق پرست شہداء کے لواحقین اور لاپتہ کارکنان کے اہل خانہ نے عامر خان کو معاف کر دیا

## معافی ملنے کے بعد ایم کیوایم کے قائد الطاف حسین نے بھی عامر خان کو معاف کر دیا

کراچی۔۔۔25 مئی، 2011ء

حق پرست شہداء کے لواحقین اور ایم کیوایم کے لاپتہ کارکنان کے اہل خانہ نے ایم کیوایم کے سابق رہنما عامر خان کو معافی مانگنے پر معاف کر دیا ہے۔ یہ اعلان آج لال قلعہ گراؤنڈ عزیز آباد میں حق پرست شہداء کے لواحقین اور لاپتہ کارکنان کے اہل خانہ کے ایک بڑے اجتماع میں کیا گیا۔ اس موقع پر ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان بھی موجود تھے ۔حق پرست شہداء کے لواحقین اور لاپتہ کارکنان کے اہل خانہ کی جانب سے معافی کے بعد ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین نے بھی عامر خان کو معاف کرنے کا اعلان کر دیا ہے اور ان کی ایم کیوایم میں بحیثیت کارکن کی توثیق کر دی ہے۔

## عامر خان نے رابطہ کمیٹی کے ارکان کے ہمراہ شہدائے یادگار پر حاضری دی اور فاتحہ خوانی کی

کراچی۔۔۔25 مئی، 2011ء

ایم کیوایم کے کارکن عامر خان نے ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنو ینر ڈاکٹر فاروق ستار اور اراکین رابطہ کمیٹی کے ہمراہ منگل کی شب جناح گراؤنڈ عزیز آباد میں یادگار شہدائے حق پر حاضری دی اور شہداء کیلئے فاتحہ خوانی کی۔

## خیبر پختواہ کے دارلحکومت پشاور میں واقع یونیورسٹی روڈ پر سی آئی ڈی چوکی پر دھما کہ ملک کو غیر مستحکم کرنے کی سازش ہے، الطاف حسین

## واقعہ میں ملوث دہشت گرد عناصر کو گرفتار کر کے انہیں قانون کے مطابق سزا دی جائے، مطالبہ

لندن ۔۔۔25 مئی، 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے خیبر پختواہ کے دارلحکومت پشاور میں واقع یونیورسٹی روڈ پر سی آئی ڈی چوکی پر بارودی کار ٹکرانے کے نتیجے میں خودکش دھما کہ میں متعدد افراد کی ہلاکت اور زخمی ہونے کی سخت الفاظ میں مذمت کی ہے۔ ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ ملک و امن دشمن عناصر اپنے مذموم عزائم کی تکمیل کیلئے پولیس اہلکاروں کا ناحق خون بہا کر ملک کو غیر مستحکم کرنا چاہتے ہیں اور پشاور یونیورسٹی روڈ پر سی آئی ڈی چوکی پر بارودی کار ٹکرانے کا واقعہ اسی سلسلے کی کڑی ہے جسکی جتنی مذمت کی جائے کم ۔ جناب الطاف حسین نے واقعہ میں ہلاک ہونیوالے افراد کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انکی مغفرت اور سوگواران کیلئے صبر جمیل اور زخمیوں کی جلد و مکمل صحتیابی کیلئے دعا بھی کی ہے۔ جناب الطاف حسین نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ پشاور یونیورسٹی روڈ پر سی آئی ڈی چوکی پر بارودی کار ٹکرانے کے واقعہ فوری نوٹس لیا جائے اور اس میں ملوث دہشت گرد عناصر کو گرفتار کر کے انہیں قانون کے مطابق سزا دی جائے۔

## متحدہ قومی موومنٹ کے وفد کے ارکان کی کے ای ایس سی انتظامیہ سے ملاقات شہر میں طویل اور غیر اعلانیہ کی لوڈ شیڈنگ پر اظہار تشویش

کراچی۔۔۔25 مئی 2011ء

متحدہ قومی وموومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن وحق پرست صوبائی وزیر ڈاکٹر صغیر احمد نے پانچ رکنی وفد کے ہمراہ بدھ کے روز کے ای ایس سی کی انتظامیہ سے ملاقات کی اور شہر میں جاری طویل اور غیر اعلانیہ لوڈ شیڈنگ کے باعث شہریوں کو درپیش مشکلات پر گہری تشویش کا اظہار کیا۔ اس موقع پر حق پرست سینیٹر عبدالحسیب ،حق پرست رکن قومی اسمبلی عبدالقادر خانزادہ،،حق پرست صوبائی وزیر فیصل سبزواری اور وزیر اعلیٰ سندھ کے حق پرست مشیر خواجہ اظہار الحسن بھی موجود تھے۔ ملاقات میں منتخب نمائندوں نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ کے ای ایس سی جانب سے لوڈ شیڈنگ کی وجہ سے شہری عذاب میں مبتلا تھے جبکہ کے ای ایس سی کی انتظامیہ اور یونین کے باہمی تنازعہ کے باعث لوڈ شیڈنگ مزید وبال جان بن گئی جو کہ اب شہریوں کے لئے نا قابل قبول ہے۔ انہوں نے کے ای ایس سی کی انتظامیہ کو بتایا کہ لوڈ شیڈنگ کے سبب شہر کی صنعتی، کاروباری، تعلیمی اور تمام شعبوں کی سرگرمیاں بری طرح سے متاثر ہو رہی ہیں اور شہر میں پانی کا بحران بھی پیدا ہو رہا ہے اور لوڈ شیڈنگ کے باعث عوام لاتعداد مشکلات اور پریشانیوں میں مبتلا ہو چکے ہیں اور اس کا جلد اور پائیدار حل ہی شہر اور اس کے عوام کیلئے قابل قبول ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ کے ای ایس سی کی یونین اور انتظامیہ باہمی تنازعہ کو مذاکرات کی میز پر بیٹھ کر جمہوری طریقے سے جلد از جلد حل کریں اور شہریوں کو لوڈ شیڈنگ سے عذاب سے عملاً نجات دلانے کیلئے عملی اور مثبت اقدامات بروئے کار لائے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ لوڈ شیڈنگ پر کے ای ایس سی کی املاک کو نقصان پہچانے اور اس کی آڑ میں لوٹ مار اور سماج دشمن سرگرمیوں میں ملوث عناصر کے خلاف بھی مئوثر کارروائی عمل میں لائی جانی چاہیئے۔ کے ای ایس سی انتظامیہ نے ایم کیوایم کے نمائندوں کو یقین دلایا کہ انتظامیہ لوڈ شیڈنگ پر قابو پانے کیلئے ہر ممکن کوشش کر رہی ہے۔

## حاکم علی زرداری کی نماز جنازہ اور تدفین میں حق پرست ارکان سندھ اسمبلی اور نوابشاہ زونل انچارج و اراکین کی شرکت

نوابشاہ۔۔۔25 مئی 2011ء

صدر مملکت آصف علی زرداری کے والد حاکم علی زرداری مرحوم کی نماز جنازہ اور تدفین میں متحدہ قومی موومنٹ کے ایک نمائندہ وفد نے شرکت کی۔ وفد میں حق پرست ارکان سندھ اسمبلی سہیل یوسف، وسیم حسین، ایم کیو ایم نوابشاہ زون کے زونل انچارج شیراز مسعود، نوابشاہ زونل کمیٹی کے اراکین اور کارکنان نے شرکت کی۔ قبل ازیں حق پرست ارکان اسمبلی اور نوابشاہ زون کے زونل انچارج و اراکین نے زرداری ہاؤس میں حاکم علی زرداری کے انتقال پر مرحوم کے عزیز و اقارب اور پیپلز پارٹی کے رہنماؤں سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کیا اور مرحوم کی مغفرت کیلئے دعا کی۔

## کے پی ٹی کا محنت کش طبقہ ادارے کی ترقی چاہتا ہے جوائنٹ انچارج ایم کیو ایم لیبر ڈویژن اسد کاظمی

## کے پی ٹی میں ریفرنڈم 2011 کے سلسلے میں ویسٹ وارف میں منعقدہ جلسہ سے خطاب

کراچی۔۔۔25 مئی 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ لیبر ڈویژن کے جوائنٹ انچارج اسد کاظمی نے کہا ہے کہ کے پی ٹی کا محنت کش طبقہ ادارے کی ترقی چاہتا ہے اور محنت کشوں کو جلد خوشخبریاں ملنے والی ہیں۔ یہ بات انہوں نے گزشتہ روز کراچی پورٹ ٹرسٹ میں ریفرنڈم 2011 کے سلسلے میں ویسٹ وارف میں یونائیٹڈ ورکرز فرنٹ آف کے پی ٹی (سی بی اے) کے زیراہتمام ایک جلسہ سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ جلسہ سے یونائیٹڈ ورکرز فرنٹ آف کے پی ٹی (سی بی اے) کے جنرل سیکریٹری کامران احمد نے بھی خطاب کیا۔ جبکہ اس موقع پر پنجابی ویلفیئر الائنس کے چیئرمین طارق محمود، منارٹی ایمپائز ویلفیئر کے روبن جاوید، ہندو ایمپلائز ویلفیئر کے دیو جی، کچھی ایمپلائز ویلفیئر کے دواؤ سومار، کے پی ٹی ڈیموکریٹک ورکرز یونین کے عبدالرزاق، کے پی ٹی پروگریسو ورکرز یونین کے محمد اشرف اور یونائیٹڈ ورکرز فرنٹ آف کے پی ٹی (سی بی اے) کے عہدیداران بھی موجود تھے۔ اسد کاظمی نے جلسہ سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیو ایم لیبر ڈویژن نے ہمیشہ یونائیٹڈ ورکرز فرنٹ آف کے پی ٹی (سی بی اے) کے پلیٹ فارم سے کے پی ٹی کے محنت کشوں کیلئے بہتر مالی مراعات کا اعلان کیا ہے اور آئندہ بھی ایم کیو ایم لیبر ڈویژن محنت کشوں کے جائز حقوق کے حصول کی جدوجہد کرتی رہے گی۔ انہوں نے کہا کہ کے پی ٹی میں بعض عناصر امن کی فضا خراب کرنا چاہتے ہیں لیکن کے پی ٹی کے محنت کش اپنے اتحاد سے امن دشمن عناصر کو کامیاب نہیں ہونے دیں گے۔ انہوں نے کہا کہ 26 مئی 2011 کو ہونیوالے ریفرنڈم میں یونائیٹڈ ورکرز فرنٹ آف کے پی ٹی (سی بی اے) کی انشاءاللہ بھاری اکثریت سے کامیابی حاصل کرے گی اور یہ کامیابی محنت کشوں کی جانب سے ایم کیو ایم پر اعتماد کا ثبوت ہوگی۔

## موروثی سیاست کا خاتمہ اور کرپشن سے پاک معاشرے کا قیام ایم کیو ایم کی اولین ترجیح ہے، طاہر کھوکھر

## ساٹھ سالوں سے اقتدار پر جبراً قابض طبقات کی چھٹی کا وقت آ گیا ہے،

## متوسط طبقے سے پڑھی لکھی، دیانتدار اور مخلص قیادت سامنے لائے بغیر مسائل حل نہیں ہوں گے

لاہور۔۔۔25 مئی، 2011ء

آزاد کشمیر قانون ساز اسمبلی میں ایم کیو ایم کے پارلیمانی لیڈر وزیر سیاحت طاہر کھوکھر نے کہا ہے کہ آزاد کشمیر سے موروثی سیاست کا خاتمہ اور کرپشن سے پاک معاشرے کا قیام متحدہ قومی موومنٹ کی اولین ترجیح ہے کہ عوامی طاقت کے ذریعے اقتدار میں آ کر 60 سالوں میں پیدا کی گئی خرابیوں کے خاتمے کے لیے کردار ادا کریں گے۔ یہ بات انہوں نے لاہور کے مختلف علاقوں میں مقیم کشمیریوں کے وفود سے بات چیت کے دوران کہی۔ انہوں نے کہا کہ 60 سالوں سے برادری ازم اور دھونس دھاندلی کے زور پر اقتدار پر قابض لوگوں کی چھٹی کا وقت آ گیا ہے، ایم کیو ایم غریب اور متوسط طبقے کی جماعت ہے جس نے معاشرے کے محکوم و مظلوم طبقے کے حقوق کے لیے جدوجہد کی ہے ایم کیو ایم صرف زبانی دعوں پر یقین نہیں رکھتی بلکہ عملی طور پر غریب اور متوسط طبقے سے قیادت پیدا کر کے اسے اسمبلیوں اور اقتدار کے ایوانوں تک پہنچایا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کرپشن ہمارے معاشرے کا ایک ناسور ہے اور جب تک آزاد کشمیر میں صاف ستھری قیادت سامنے نہیں آتی اس وقت تک ترقی کی حقیقی منازل طے نہیں کی جاسکتیں۔ انہوں نے آزاد کشمیر کے عوام سے اپیل کی ہے کہ اپنے ووٹ کا درست استعمال کرتے ہوئے مخلص دیانت دار اور تعلیم یافتہ قیادت کو سامنے لایا جائے تاکہ آزاد کشمیر میں ایک ترقی یافتہ اور خوشحال معاشرے کا قیام ممکن ہو سکے۔

## گلگت بلتستان کی طرح آزاد کشمیر میں بھی غیر متوقع کامیابیاں حاصل ہوں گی، آصف حسنین

## قائد تحریک کا پیغام انقلاب ملک کے کونے کونے میں پھیل چکا ہے،

## اقتدار کی عام آدمی تک منتقلی آزاد کشمیر کے مسائل کا حل ہے، سفیان یوسف

## حق پرست اراکین قومی اسمبلی کا کارنر میٹنگ سے خطاب

مظفر آباد:۔۔۔25 مئی، 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست رکن قومی اسمبلی آصف حسنین نے کہا ہے کہ موروثی سیاست کے خاتمے اور اقتدار کی عام آدمی کو منتقلی تک ایم کیو ایم کی جدوجہد جاری رہے گی۔ قائد تحریک الطاف حسین کا فکر و فلسفہ اور ایم کیو ایم کا پیغام انقلاب پاکستان کے چاروں صوبوں، گلگت بلتستان اور آزاد کشمیر تک پھیل چکا ہے، آزاد کشمیر اسمبلی کے آئندہ انتخابات میں متحدہ قومی موومنٹ گلگت بلتستان کی طرح غیر متوقع کامیابیاں حاصل کرے گی۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز حلقہ ایل اے 27 مظفر آباد 4 کھاوڑہ کومی کوٹ میں انتخابی مہم کے سلسلے میں کارنر میٹنگ سے خطاب کے دوران کیا۔ اس موقع پر متحدہ قومی موومنٹ صوبائی تنظیمی کمیٹی کے رکن عابد زیدی زونل ممبر مظفر آباد ندیم کھوکھر مظفر آباد زون کے ذمہ داران وکارکنان بھی موجود تھے۔ انہوں نے کہا کہ آزاد کشمیر کے عوام 60 سالوں سے برادری ازم، اقرباء پروری اور علاقائیت کی بنیاد پر ہونے والے استحصال سے تنگ آچکے ہیں۔ اور انشاءاللہ 26 جون کو وہ آزاد کشمیر کی روایتی سیاسی جماعتوں کو مسترد کر دیں گے۔ کارنر میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے رکن قومی اسمبلی سفیان یوسف نے کہا کہ ایم کیو ایم کی منزل اقتدار کا حصول نہیں بلکہ عام آدمی کی خدمت کرنا ہے جب تک غریب اور متوسط طبقے سے تعلق رکھنے والے ایماندار محنتی افراد کی قیادت سامنے نہیں آتی آزاد کشمیر سے غربت، افلاس، کرپشن اور بے روزگاری کا خاتمہ نہیں ہو سکے گا۔ انہوں نے نے کہا کہ منتخب قیادت میں اہلیت ہو تو وسائل کی کمی کے باوجود مسائل کو حل کیا جا سکتا ہے اسکی واضح مثال کراچی ہے جہاں ڈاکٹر سید مصطفیٰ کمال نے چار سالوں میں یہ ثابت کر دکھایا کہ کام کرنے کی لگن ہو تو وسائل آڑے نہیں آتے۔ انہوں نے کہا کہ آزاد کشمیر کے عوام نے اگر ایم کیو ایم کو موقع دیا تو کراچی کی طرح کشمیر کا نقشہ بھی تبدیل کر دیں گے۔ کارنر میٹنگ سے صوبائی تنظیمی کمیٹی کے رکن عابد زیدی، مظفر آباد کے زونل ممبر ندیم کھوکھر نے بھی خطاب کیا۔

## ایم کیو ایم ایلڈر رز ونگ کورنگی سیکٹر کے کارکن محمد یامین کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہارِ افسوس

لندن:۔۔۔۔25 مئی، 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیو ایم ایلڈر رز ونگ کورنگی سیکٹر یونٹ 79 کے کارکن محمد یامین کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر تلقین کی اور کہا کہ دکھ کر اس گھڑی میں مجھ سمیت ایم کیو ایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر شریک ہیں۔ جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنی جوارِ رحمت اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔ (آمین)

## ایم کیو ایم کے کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہارِ تعزیت

کراچی:۔۔۔25 مئی، 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم ایلڈر رز ونگ کورنگی سیکٹر یونٹ 79 کے کارکن محمد یامین، ناظم آباد گلبہار سیکٹر یونٹ 169 کے کارکن محمد عمران کی والدہ محترمہ گل بانو، نارتھ ناظم آباد سیکٹر یونٹ 133 کے کارکن محمد امجد کی والدہ محترمہ احمدی بیگم اور ایم کیو ایم بلدیہ ٹاؤن سیکٹر یونٹ 115 کے کارکن ریاض احمد کی ہمشیرہ زاہد بانو کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔ رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔ (آمین)

## خدمت خلق فاؤنڈیشن کے زیر اہتمام گل محمد ولیج گلبہار میں مفت طبی کیمپ کا انعقاد

## حق پرست صوبائی وزیر عبدالحسیب اور رکن صوبائی اسمبلی ریحان ظفر اور کے ایم اوسی کے اراکین کے ہمراہ کیمپ کا دورہ

## وسائل سے محروم عوام کیلئے مفت طبی کیمپ کے انعقاد پر عوام کی جانب سے قائد تحریک الطاف حسین سے اظہار تشکر

کراچی:۔۔۔25رمئی 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی خصوصی ہدایت پر ایم کیوایم کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے زیر اہتمام گل محمد ولیج گلبہار میں مفت طبی کیمپ کا انعقاد کیا گیا۔ کیمپ میں ایم کیوایم میڈیکل ایڈ کمیٹی کے معروف سرجنز، ڈاکٹرز و لیڈی ڈاکٹرز نے مختلف امراض میں مبتلا مریضوں کا مفت طبی معائنہ کرنے کے بعد انہیں مریضوں میں مفت دوائیں فراہم کیں ۔ مذکورہ طبی کیمپ میں نوجوانوں کے علاوہ سینکڑوں ، بچوں ، بزرگوں اور خواتین نے معائنہ کروایا۔ متعدد مریضوں کو فوری خدمت خلق فاؤنڈیشن کی ایمبولینس کے ذریعے عباسی شہید ہسپتال اور سول ہسپتال منتقل کیا گیا۔ حق پرست صوبائی وزیر اوقاف عبدالحسیب ، رکن سندھ اسمبلی ریحان ظفر اور ایم کیوایم کے ایم اوسی کے انچارج فرخ اعظم ، جوائنٹ انچارجز اور ذمہ داران کے ہمراہ طبی کیمپ کا دورہ کیا اور کیمپ میں موجود ڈاکٹرز اور پیرا میڈیکل اسٹاف ، کیمپ پر موجود مریضوں سے فرداً فرداً ملاقات کی ۔ اس موقع پر مریضوں نے وسائل سے محروم غریب عوام کے لئے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے مفت طبی کیمپ کے انعقاد پر اظہار تشکر کیا اور جناب الطاف حسین کی درازی عمر، صحت و تندرستی کے لئے دعا کے ساتھ ساتھ نیک خواہشات کا اظہار کیا۔

## ایم کیوایم نے ہمیشہ غریب عوام کے مسائل حل کرنے پر زور دیا، رکن سندھ اسمبلی فہیم الطافی

میر پور خاص:۔۔۔25 مئی، 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست ایم پی اے فہیم احمد الطافی نے اپنے ترقیاتی فنڈ جس کی مالیت بندرہ لاکھ ہے۔ سول اسپتال میں میر پور خاص میں پتھیالوجیکل لیبارٹری کیلئے ضروری آلات کی فراہمی کی افتتاحی تقریب کے موقع پر صحافیوں اور ڈاکٹرز سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کی تعلیمات پر عمل کرتے ہوئے ہم عوام کو بہتر سے بہتر سہولیات فراہم کرنے کی ہر ممکن کوشش کر رہے ہیں ۔ ایم کیوایم نے ہمیشہ غریب عوام کے مسائل حل کرنے پر زور دیا اور انشاء اللہ بہت جلد میر پور خاص میں ٹراما سینٹر کا قیام عمل میں لایا جائے گا انہوں نے بتایا کہ ٹراما سینٹر کی PC-1 بن چکی ہے اور لاگت 28 کروڑ ہے اس سے پہلے حق پرست ایم پی اے فہیم احمد الطافی کی خصوصی کوششوں سے بی ایچ یو نواب کالونی میں الٹرا ساؤنڈ اور بی ایچ یو حمید پورہ کالونی میں ڈینٹل یونٹ والٹرا ساؤنڈ کی مشین فراہم کی جا چکی ہے۔ اس موقع پر زونل ممبر محمود خان زئی ، سول سرجن میر پور خاص اصغر آرائیں ، ڈاکٹرز اور پیرا میڈیکل اسٹاف ایم کیوایم کے ذمہ داران اور ساتھیوں اور ہمدردوں کی بہت بڑی تعداد موجود تھی ۔

## ایم اکیوایم دعووں اور نعروں کے بجائے عوام کی حقیقی معنوں میں عملی مدد پر یقین رکھنے والی جماعت ہے۔ غریب، متوسط اور پڑھے لکھی ایماندار قیادت کو لانے کے لئے عوام قائد تحریک الطاف حسین کا ساتھ دیں، ہم وعدہ کرتے ہیں کہ عوام کی تقدیر بدل دیں گے۔ رکن رابطہ کمیٹی سیف یار خان

اسلام آباد۔۔۔۔۔۔25 مئی 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن سیف یار خان نے کہا ہے کہ ایم اکیوایم دعووں اور نعروں کے بجائے عوام کی حقیقی معنوں میں عملی مدد پر یقین رکھنے والی جماعت ہے۔ غریب، متوسط اور پڑھے لکھی ایماندار قیادت کو لانے کے لئے عوام قائد تحریک الطاف حسین کا ساتھ دیں، ہم وعدہ کرتے ہیں کہ عوام کی تقدیر بدل دیں گے۔ وہ یہاں اسلام آباد ڈسٹرکٹ کے جنرل ورکرز اجلاس سے خطاب کر رہے تھے۔ اس موقع پر صوبائی تنظیمی کمیٹی کے رکن سلیم بندھانی ، راولپنڈی زون کے زونل انچارج زاہد ملک ، جوائنٹ انچارج کیپٹن (ر) رحیم شاہ ، انچارج ضلع اسلام آباد شہاب امیر اور اراکین ضلعی کمیٹی کے علاوہ کارکنان موجود تھے۔ اجلاس میں وفاقی دارالحکومت اسلام آباد اور اس کے دیہی اور شہری علاقوں میں تحریکی سرگرمیوں کے حوالہ سے جائزہ لیا گیا۔ سیف یار خان نے کہا کہ اسلام آباد کے دیہی اور شہری علاقوں میں تحریکی ساتھیوں کی تعداد اور سرگرمیوں میں اضافہ اس بات کا ثبوت ہے کہ قائد تحریک الطاف حسین کا فکر و فلسفہ تیزی سے پھیل رہا ہے اور وہ وقت دور نہیں کہ اسلام آباد بھی پنجاب اور ملک کے دیگر حصوں کی طرح ایم کیوایم کے حق پرستی کے نعرہ سے گونج اٹھے گا۔

## ایم کیوایم دادوزون کے قائم مقام زونل انچارج بابر عباسی یونٹ خیر پور ناتھن شاہ اور سیکٹر پھٹر کے مختلف یونٹوں کا دورہ کیا

دادو:۔۔۔25 مئی، 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ دادوزون کے قائم مقام زونل انچارج بابر عباسی، زونل ممبر غلام بشیر راہو جو نے یونٹ خیر پور ناتھن شاہ اور سیکٹر پھٹر کے مختلف یونٹوں کا دورہ کیا اور ساتھیوں سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین نے جو تعلیمات دی ہے اس کو تمام کارکنان اپنے تک محدود نہ رکھیں بلکہ اس تعلیمات کو عام لوگوں تک پہنچا ئیں کیونکہ قائد تحریک نے جو بھی نشاندہی کی ہے وہ تقریباً ہمارے سامنے مختلف واقعات کے طور پر نظر آتے رہے ہیں۔قائد تحریک جناب الطاف حسین نے کچھ سال پہلے طالبا نائزیشن کے حوالے سے آگاہ کرتے ہوئے کہا تھا کہ کراچی میں بڑے پیمانے پر القاعدہ اور طالبانائزیشن جس طرح سے اپنی جڑیں مضبوط کررہی ہیں وہ آنے والے وقت پر بہت ہی پاکستان کی سلامتی کے لئے خطرہ بن سکتی ہیں۔قائد تحریک کے اس بیان کو وقت کے حکمرانوں اور سیاسی و مذہبی جماعتوں نے غلط مان کر مذاق اڑایا تھا کہ ایسا کوئی نیٹ ورک کام نہیں کررہا جس کے بعد بڑے بڑے القاعدہ اور طالبانائزیشن کے اہم دہشتگرد رہنماء خودکش بمبار کو تیار کرنے والے ماسٹر مائنڈ بھی کراچی سے گرفتار کئے گئے۔انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان کی موجودہ صورتحال کو مدنظر رکھتے ہوئے پاکستان کی سلمیت کے لئے قائد تحریک جناب الطاف حسین کے عوامی رائے کے لئے ریفرنڈم کا اعلان کیا جو کہ 5 دن تک کیمپوں کا انعقاد کیا جس میں عوام نے بڑے جوش وخروش اور جذبے اور سچائی سے اپنی رائے کے اظہار کیلئے کیمپوں پر آکر حق استعمال کیا۔

## راجپوت، ملاح، شیخ شر پٹھان، اور آرائیں برادری سے تعلق رکھنے والے افراد نے ایم کیوایم شمولیت

بدین:۔۔۔۔25 مئی، 2011ء

قائد تحریک جناب الطاف حسین کے نظریئے اور فکر وفلسفے سے متاثر ہوکر بدین تحصیل گولارچی چک نمبر 5 میں راجپوت، ملاح، شیخ شر پٹھان، اور آرائیں برادری سے تعلق رکھنے والے افراد نے ایم کیوایم شمولیت اعلان کیا ہے۔ یہ اعلان انہوں نے گزشتہ روز ایک اجتماع کے دوران کیا۔اس موقع پر ایم کیوایم بدین زون کے انچارج عقیل الدین وارا کین زونل کمیٹی بھی موجود تھی۔اس موقع پر شمولیت اختیار کرنے والے برادریوں نے افراد نے اپنے جذبات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ متحدہ عوامی کی واحد نمائندہ جماعت ہے جو غریب ومتوسط کے حقوق کیلئے عملی جدوجہد کررہی اور انشاء اللہ وہ دن دور نہیں جب ملک میں 98 فیصد غریب ومظلوم کی حکمرانی ہوگی۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم نے جس طرح غریب عوام کی آواز کو بلند کیا ہے وہ قابل تحسین ہے اس مشن ومقصد کے حصول کیلئے ہم ایم کیوایم شامل ہوئے ہیں۔اس موقع پر ایم کیوایم بدین زون کے انچارج وارا کین زونل کمیٹی نے شمولیت اختیار کرنے والے افراد کے جذبات کو سراہاتے ہوئے کہا کہ ایم کیوایم کا ملک میں بسنے والی تمام قومیتوں سے تعلق رکھنے والی افراد کی نمائندہ جماعت ہے اور اس میں شامل تمام قومیتوں کے افراد قائد تحریک جناب الطاف حسین کے شانہ بشانہ عملی جدوجہد کررہے اور وہ دن نہیں جب ملک سے دو فیصد مراعات یافتہ طبقے کا خاتمہ ہوگا اور غریب ومتوسط طبقے کی حکمرانی قائم ہوگی۔علاوہ ازیں انہوں نے ایم کیوایم شمولیت اختیار کرنے والے برادریوں کے افراد کا خیر مقدم کیا اور انہیں مبارکباد پیش کی۔

## ایم کیوایم ضلع راولپنڈی کے انچارج ذوالفقار راجپوت کے تایا کے جنازے میں رکن رابطہ کمیٹی سیف یار خان کی شرکت

راولپنڈی۔۔۔۔۔25 مئی 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن سیف یار خان اور راولپنڈی زون کے زونل انچارج زاہد ملک نے ایم کیوایم ضلع راولپنڈی کے انچارج ذوالفقار راجپوت کے تایا کے جنازے میں شرکت کی، متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن سیف یار خان نے لواحقین سے قائد تحریک الطاف حسین کی جانب سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کیا، اور دعا کی ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا فرمائے، دریں اثناء اس موقع پر اراکین زونل کمیٹی، اراکین ڈسٹرکٹ کمیٹی، ذمہ داران، وکارکنان کے علاوہ اہل علاقہ کی بڑی تعداد موجود تھی۔

☆☆☆☆☆